اضافہ ہوجائے۔

نحو میر و تسہیل النحو علم النحو میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ان کتابوں کی مختلف حضرات اہل علم نے مختلف دلنشین انداز میں تسہیلات لکھی ہے اور تمام اہل علم کی خدمات قابل قدر ہے۔نحو میر سے پہلے تسهيل النحو بھی طلبہ کو ازبر کرائی جاتی ہے۔اس میں نحو کے مسائل کو تمرینات کی شکل میں سہل بنایا ہے اور پھر اسکو مزید مفید بنانے کیلئے علماء کرام نے محنت کی انہی علماء میں سے ایک محترم مولانا محمد ہاشم ہارون بھی ہے، جنہوں نے تسہیل النحو کی مبتدی طلبہ کی ذہنی سطح کو پیش نظر رکھتے ہوئے حديقة النحو شرح تسهيل النحو کے نام سے نہایت اچھی شرح لکھی ہے، جونحو کے مسائل کو مثالوں اور تمرنیات سے سمجھنے میں معاون ثابت ہوگی۔اللہ تعالیٰ موصوف کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبولیت عامہ عطا فرمائے۔آمین

- **تحفة المعتمرين** .... مؤلف: مولانا محمد شعیب فاروقی

ضخامت: ۱۲۵صفحات ناشر: مکتبہ الحسنین بغدادہ مردان 03018766572

حج کی طرح عمرہ بھی ایک محبوب عمل ہے لیکن حج و عمرہ کے مسائل و حکام سے عدم واقفیت کے بنا پر مسلمانوں سے اکثر کوتاہیاں اور غلطیاں سرزد ہوتی ہیں، مسائل حج و عمرہ پر بہت سے علماء کرام نے کتابیں، کتابچے ورسائل شائع کیے ہیں۔ اس سلسلہ کی ایک کڑی مولانا محمد شعیب فاروقی کی کتاب ''تحفہ المعتمرین'' بھی ہے۔زیر تبصرہ کتاب میں مولانا محمد شعیب فاروقی صاحب نے عمرہ کے احکامات و مسائل کو انتہائی عام فہم اسلوب اور آسان اردو زبان اور مدلل انداز میں پیش کی ہے، سفر عمرہ کے متعلق اہم ہدایات اور اہم مقامات کے نقشے اور تصاویر بھی لگا دی ہے۔عمرہ پر جانے والے زائرین کے لئے یہ کتاب ایک اہم سوغات اور انمول تحفہ ہے۔

- **ملفوظات طیبات امام لاہوری**............افادات: مولانا احمد علی لاہوریؒ

مرتب: مولانا مفتی محمد نعیم حقانی ضخامت:۱۹۱صفحات ناشر: مدنی اسلامی کتب خانہ چراٹ روڈ پبی

زیر تبصرہ کتاب ''ملفوظات طیبات'' مفتی محمد نعیم حقانی کی دوسری کاوش ہے اس سے قبل انہوں نے ''خلاصہ تفسیر لاہوری'' بھی مرتب کر چکے ہیں، موصوف تصنیف و تالیف کا اچھا خاصا ذوق رکھتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب میں انہوں نے امام الاولیاء حضرت مولانا احمد لاہوریؒ کے اقوال وارشادات ،ملفوظات و مشاہدات کو باحسن طریقہ اور دلنشین اسلوب میں مرتب کرنے کی کوشش کی ہے۔اہل علم اور خاص کر امام لاہوری کے متوسلین کیلئے یہ ایک بہترین تحفہ اور قیمتی سوغات ہے ،اور عامہ الناس کی رہنمائی کیلئے بھی بہترین گلدستہ ہے۔